نیویارک شہر میں نیلوکزون تک رسائی حاصل کرنے کے لیے گائیڈ

نیلوکزون ایک محفوظ دوا ہے جو افیون آمیز مرکبات کی زیادہ مقدار کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔ نیو یارک ریاست میں ہر کوئی قانونی طور پر نیلوکزون پاس رکھ سکتا ہے اور استعمال کر سکتا ہے۔

نیویارک شہر میں نیلوکزون کیسے خریدیں

کسی **فارمیسی** میں جائیں اور ہیلتھ انشورنس کے ساتھ نیلوکزون خریدنے کا پوچھیں۔ (آپ کو نسخے کی ضرورت نہیں ہو گی، لیکن ہو سکتا ہے کہ فارمیسی کو آپ کے لیے نیلوکزون کا آرڈر دینا پڑے۔)

اگر کوئی فارمیسی Naloxone Co-Payment Assistance Program (N-CAP) میں اندراج شدہ ہو، تو آپ کی انشورنس ادائیگی سے $40 تک کا احاطہ کیا جا سکتا ہے۔ N-CAP کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **bit.ly/n-cap**

بغیر نسخے کے نیلوکزون خریدنے کے لیے ایسے خوردہ فروش کے پاس جائیں جو **اوور دی کاؤنٹر (over-the-counter, OTC)** ادویات فروخت کرتا ہو۔ (OTC نیلوکزون کی دستیابی ہر خوردہ فروش کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہے۔)

نیلوکزون کے بارے میں مزید معلومات، تربیت اور وسائل، بشمول اسے کہاں سے مفت حاصل یا خریدا جا سکتا ہے، کے لیے **nyc.gov/naloxone** ملاحظہ کریں یا **311** پر کال کریں یا ای میل کریں: **naloxone@health.nyc.gov**

ذہنی صحت اور نشہ آور مادے کے استعمال کے حوالے سے سپورٹ کے لیے 988 پر کال یا ٹیکسٹ کریں یا **nyc.gov/988** پر آن لائن چیٹ کریں۔ ٹیکسٹ اور چیٹ کی خدمات انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہیں اور 200 سے زائد زبانوں میں صلاح کار بذریعہ فون 24/7 دستیاب ہیں۔

NYC Health

نیویارک شہر میں نیلوکزون مفت کیسے حاصل کریں

مفت نیلوکزون حاصل کرنے کے لیے — **opioid overdose prevention program (OOPP)** میں جائیں — جو کمیونٹی پر مبنی ایک تنظیم ہے اور یہ کمیونٹی ممبران میں نیلوکزون تقسیم کرنے کے لیے رجسٹرڈ ہے۔

نیو یارک شہر محکمہ صحت کی جانب سے منعقد کی جانے والی ایک **ورچوئل ٹریننگ** میں شرکت کریں اور بذریعہ ڈاک مفت نیلوکزون کٹ حاصل کریں۔

Free Naloxone in NYC Pharmacies Program میں شرکت کرنے والی فارمیسی میں جائیں اور فارماسسٹ سے مفت نیلوکزون کٹ مانگیں (کوئی ID یا ہیلتھ انشورنس درکار نہیں ہے)۔



مفت نیلوکزون کے علاوہ صحت اور تندرستی کا دیگر سامان آسانی سے اور گمنام طریقے سے حاصل کرنے کے لیے **پبلک ہیلتھ وینڈنگ مشین** پر جائیں۔

وینڈنگ مشینوں کے مقامات کی فہرست کے لیے، ملاحظہ کریں: **nyc.gov/alcoholanddrugs**۔